© rasailojaraid.com



کتاب دلچسپ واقعات کا مرقعہ ہے۔ جو فوجی پس منظر رکھنے والوں کے لئے خصوصاً اور غیر فوجی قارئین کے لئے بھی ایک دلچسپ مطالعہ ہے۔ انگریزی الفاظ اور انگریزی مخفف الفاظ کی تکرار بعض اوقات قاری کو ناگوار گزرتی ہے مگر فوجی اصطلاحات کو سمجھنے کے لئے متبادل الفاظ کی غیر موجودگی ایک ایسی مجبوری ہے جس سے صرف نظر شاید نہیں کیا جاسکتا تھا۔ مصنف کا لطیف حس مزاح اور نکتہ سنج طنز قابل داد ہے۔ ——————— "ابو طیب"

مقالات افغانی۔ محقق عصر علامہ شمس الحق صاحب افغانیؒ

مرتب۔ مولانا عبدالغنی صاحب مدظلہ ضخامت۔ ۲۰۲ صفحات

ناشر۔ مکتبہ سید شمس الحق افغانی شاہی بازار بہاولپور

قیمت۔ ۱۲۰ روپے

محقق عصر فیلسوف اسلام شمس العلوم والمعارف علامہ شمس الحق صاحب افغانی قدس سرہ کی عبقری شخصیت محتاج تعارف نہیں علمی دنیا میں آپکی ہمالہ جیسی قد آور ہستی ماضی، قریب میں کم ہی ملتی ہے۔ کافی عرصے سے یہ ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ آپکے علوم و معارف یکجا کئے جائیں تاکہ ان جواہر پاروں سے استفادہ عام ہو سکے۔ الحمدللہ یہ قرعہ فال مولانا عبدالغنی صاحب مدظلہ کے نام نکلا۔ آپ نے مختصر عرصے میں علامہ افغانیؒ کے افادات پر مشتمل کئی کتابیں مرتب کیں۔ جن میں خطبات افغانی دروس القرآن الحکیم جلد اول اور دوئم کے نام سے طبع ہو چکی ہیں اور بقول ان کے سورہ بقرہ کے چار رکوع کی تفسیر گیارہ جلدوں پر محیط ہو گی۔

زیر تبصرہ کتاب میں علامہ افغانیؒ کے وہ مضامین اور مقالات ہیں جو کہ مختلف اوقات میں مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔ مرتب نے ان میں سے اسی جلد اول میں ۶ مقالات کا انتخاب کیا ہے پہلا مقالہ لوہے اور قوت کی اہمیت اسلام کی نظر میں دوسرا مقالہ سیرت نبوی اور مستشرقین تیسرا مقالہ شراب نوشی کا مالی نقصان کا قرآنی حل چوتھا مقالہ اسلام دین فطرت ہے پانچواں مقالہ ترقی اور اسلام چھٹا مقالہ جہاد اور اسلام۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرتب کو اسطرح حضرت افغانیؒ کے معارف عام کرنے کی مزید توفیق ارزانی فرمائے۔ ——————— مولانا محمد ابراہیم فانی



© rasailojaraid.com